http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 23 | 11 جمادی الاول 1446ھ پیر 03 نومبر 2025ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 190

آزاد صحافت مضبوط، شفاف اور جمہوری پاکستان کی ضمانت ہے، وزیراعظم

ذمہ دار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے، صحافی حقائق تک عوام کی رسائی کو ممکن بناتے ہیں، فرائض کی انجام دہی کے دوران تشدد، دھمکی یا انتقام پر مبنی جرائم آزادی اظہار پر حملہ ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ آزاد صحافت مضبوط، شفاف اور جمہوری پاکستان کی ضمانت ہے۔ وزیراعظم نے پیغام دیتے ہوئے کہا کہ آزاد، باخبر اور ذمہ دار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے، صحافی حقائق تک عوام کی رسائی کو ممکن بناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فرائض کی انجام دہی کے دوران تشدد، دھمکی یا انتقام پر مبنی جرائم آزادی اظہار پر حملہ ہیں، جن دوٹوک کی خاطر مشکلات جھیلنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

پاکستان اور کینیڈا کے درمیان زرعی تعاون کے فروغ پر اتفاق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور کینیڈا کے درمیان زرعی تعاون کے فروغ پر اتفاق ہو گیا ہے جبکہ ایس آئی ایف سی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

ہینگو پولیس قافلے پر حملہ

ایس ایچ او سمیت 3 اہلکار زخمی

ہینگو (نمائندہ ڈیک) نمبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں پولیس قافلے کو آئی ای ڈی حملے کا نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 3 اہلکار زخمی ہو گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ہنگو کے علاقے دوآبہ میں ہونے والے بم حملے کے بعد پولیس اور حملہ آوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ قافلے میں ایس پی انویسٹی گیشن عبدالصبر، ڈی ایس پی پی چاہوار اور ایس ایچ او عمران الدین جارحیت تھے۔ پولیس کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

گوادر انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، پاک فوج کی کاوشوں کا مظہر

پاک فوج دنیا بھر میں امن کی ضامن ہے

پاکستانی طلبہ کا شہدا کو خراج عقیدت

کمانڈر گوادر ڈویژن نے طلبہ کو نصیحت کی کہ اپنی صلاحیتیں علم و تحقیق کے فروغ میں صرف کریں، کیونکہ پاکستان کا مستقبل ان باصلاحیت نوجوانوں سے جڑا ہے جو اپنی کامیابی کے ساتھ وطن کی ترقی کا عزم رکھتے ہیں، گوادر انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی پاک فوج کے اس عزم و ویژن کا مظہر ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ملتان یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور لیجنڈ انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے طلبہ و اساتذہ نے ملتان گیریژن کا دورہ کیا جہاں انہوں نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر رکھی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ دورے کے دوران طلبہ کو سالک کورس، فائرنگ کے طریقہ کار اور جدید ہتھیاروں کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ دورے کا مقصد سول اور طرری تعلقات میں ہم آہنگی کا اور جدید ہتھیاروں کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ چار روز کی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ دورے کے دوران طلبہ کو سالک کورس، فائرنگ کے طریقہ کار اور جدید ہتھیاروں کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ میجنیٹ سائنسز کے طلبہ و اساتذہ نے ملتان گیریژن کا دورہ کیا جہاں انہوں نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر رکھی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ دورے کے دوران طلبہ کو سالک کورس، فائرنگ کے طریقہ کار اور جدید ہتھیاروں کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ دورے کا مقصد سول اور طرری تعلقات میں ہم آہنگی کو مزید فروغ دینا تھا۔ اس موقع پر طلبہ و طالبات نے پاک فوج کی قربانیوں کو امن کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم شہدا کے عظیم والدین کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے بیٹے اس ملک پر قربان کر دیے ہیں، پاک فوج کے اس عزم و ویژن کا مظہر ہے۔ ایک طلبہ نے کہا کہ میں پاک فوج کی شکر گزار ہوں جن کی قربانیوں سے آج ہم آزاد فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں، پاک فوج نے ہمیں اپنی مختلف عملی مشقیں اور جدید ذہانت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

ملتان: یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلبہ و اساتذہ نے ملتان گیریژن کا دورہ کر رہے ہیں

بھارتی خفیہ ایجنسی کیلئے گرفتار جاسوس مچھیرے کے اہم انکشافات

میں ایک غریب مچھیرا ہے جو گہرے پانی میں جا کر مچھلی پکڑتا تھا، بھارتی خفیہ ایجنسی کیلاچ کی بھینٹ چڑھ گیا، ستمبر 2025 میں بھارتی کوسٹ گارڈ مجھے اسے

گہرے پانیوں میں مچھلی کا شکار کرتے ہوئے گرفتار کیا، بعد ازاں ایک نامعلوم مقام پر منتقل کیا گیا جہاں بھارتی انٹیلیجنس کے اہلکاروں نے اس سے ملاقات کی، اعجاز ملاح

نظلم شروع کر دی ہے، اسی سلسلے کی ایک ناکام کوشش کو بھارتی سنتھ سکیورٹی ایجنسی نے ہے خاب کیا۔ اس کوشش میں انڈین انٹیلیجنس ایجنسی نے بروقت کارروائی بھارت کے اس منصوبہ بندی کا سراغ لگا لیا۔ اور مجرم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گیا۔ اس کارروائی کی مکمل تفصیل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

ایک پاکستانی مچھیرے کو پاکستان رینجرز، نیڈ اور آرمی کی وردیاں اور دیگر سامان خرید کر بھارت بھیجنے کا ٹاسک سونپا، تاہم ہماری سیکیورٹی اداروں کی

گلگت: صدر آصف علی زرداری گلگت بلتستان کے 78 ویں یوم آزادی کی تقریبات میں شریک ہیں

ترجمان طالبان نے اسٹینڈ اپ مذاکرات سے متعلق حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کیا، پاکستان

افغان فریق کے دعوے پر پاکستان نے فوری طور پر تحویل کی پیشکش کی، پاکستان کے خلاف غلط بیانی

قابل قبول نہیں، پاکستان کا مقف واضح، مستقل اور ریکارڈ پر موجود ہے، ترجمان وزارت اطلاعات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے افغان ترجمان کے گمراہ کن بیان مسترد کر دیا۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے مطابق اسٹینڈ اپ مذاکرات سے متعلق حقائق کو طالبان ترجمان نے توڑ مروڑ کر پیش کیا۔ پاکستان نے افغان سرزمین پر موجود دہشتگردوں کی گرفتاری کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

وزارت خارجہ اور سفارتی مشنز میں بڑے پیمانے پر تعیناتیاں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت خارجہ اور سفارتی مشنز میں بڑے پیمانے پر تعیناتیاں کر دی گئیں جب کہ عرب امارات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

اسرائیل سیز فائر کی خلاف ورزیوں سے باز نہ آیا

غزہ میں جنگ بندی کے بعد 236 فلسطینی شہید

غزہ: اسرائیل نے ایک مرتبہ پھر سیز فائر معاہدے کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہوئے غزہ اور جنوبی لبنان میں متعدد فضائی اور زمینی حملے کیے، جن کے نتیجے میں مزید بے گناہ شہری شہید اور زخمی ہو گئے۔ جنگ بندی کے بعد سے اب تک شہادتوں کی تعداد 236 تک جا پہنچی ہے، جب کہ زخمیوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ غزہ سٹی میں اسرائیلی ڈرونز نے مصروف سبزی منڈی کو نشانہ بنایا، جہاں روزانہ سینکڑوں عام شہری روزگار کے لیے موجود ہوتے ہیں۔ حملے میں کئی دکانیں مکمل طور پر تباہ ہو گئیں جبکہ درجنوں افراد ملبے تلے دب گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق حملہ اچانک کیا گیا اور امدادی ٹیموں کو موقع پر پہنچنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ اسرائیلی افواج نے علاقے کا محاصرہ کر رکھا تھا۔ خان یونس اور رفح میں بھی اسرائیلی توپ خانے نے رہائشی عمارتوں کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت متعدد افراد شہید ہوئے۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق رفح میں ہونے والی بمباری کے بعد کئی لاشیں تا حال ملبے کے نیچے دبی ہوئی ہیں۔ اسپتالوں میں زخمیوں کی بڑی تعداد کے باعث طبی عملہ شدید دباؤ کا شکار ہے اور ادویات و ایندھن کی کمی کی وجہ سے علاج معالجے کا عمل متاثر ہو رہا ہے۔

بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی لبنان میں بھی اسرائیلی فضائیہ نے ایک گاڑی پر میزائل فائر کیا جس میں 4 لبنانی شہری شہید ہو گئے۔ اسرائیلی فوج نے الزام عائد کیا کہ یہ حملہ حزب اللہ کے جنگجوؤں پر کیا گیا، تاہم لبنانی حکام نے واضح کیا کہ ہلاک ہونے والے تمام افراد عام شہری تھے جو سرحدی علاقے سے گزر رہے تھے۔ دوسری جانب حماس نے امریکہ کے اس الزام کو یکسر مسترد کر دیا کہ تنظیم نے امدادی سامان پر قبضہ کیا ہے۔ حماس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اسرائیل اور اس کے اتحادی فلسطینیوں کے خلاف جھوٹے الزامات لگا کر دنیا کی توجہ اصل مظالم سے ہٹانا چاہتے ہیں۔ حماس کے مطابق امدادی قافلوں کی راہ میں رکاوٹ خود اسرائیلی افواج ڈال رہی ہیں، جس سے انسانی بحران مزید سنگین ہوتا جا رہا ہے۔

عالمی برادری اور اقوام متحدہ نے ایک بار پھر فریقین سے تحمل کی اپیل کی ہے، مگر اسرائیلی کارروائیاں بدستور جاری ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیموں کا کہنا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے سیز فائر کی بار بار خلاف ورزی بین الاقوامی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اسرائیل کی مسلسل جارحیت خطے کو دوبارہ مکمل جنگ کی طرف دھکیل سکتی ہے، جس کے نتائج نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا کے امن کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔

مسیحیوں کے قتل عام پر خاموش نہیں رہیں گے، ٹرمپ کی نائیجیریا کو فوجی کارروائی کی دھمکی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نائیجیریا میں مسلح آبادی کے خلاف تشدد کے واقعات پر سخت ردعمل دیتے ہوئے نائیجیریا کو خلاف ورزی کارروائی کی دھمکی دے دی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل (Truth Social) پر جاری اپنے پیغام میں ٹرمپ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

ایران اپنی جوہری تنصیبات کو مزید طاقت کے ساتھ دوبارہ تعمیر کرے گا، ایرانی صدر

تہران (مانیٹرنگ ڈیک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران اپنی جوہری تنصیبات کو مزید طاقت کے ساتھ دوبارہ تعمیر کرے گا، تاہم ملک اپنی ہتھیار بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق یہ بات ایرانی صدر نے ایران کی اسٹیم توانائی تنظیم کے دورے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

بھارت میں مسلمانوں کے ساتھ ظلم کا بازار گرم ہے، صدر زرداری

گلگت (مانیٹرنگ ڈیک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بھارت میں مسلمانوں کے ساتھ ظلم کا بازار گرم ہے۔ گلگت بلتستان کے 78 ویں جشن آزادی کی تقریب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

بلیو کنامی کیلئے پائیمک ایکسپو ہمیت کی حامل ہوگی

ڈائس ایڈمرل فیصل عباسی

سندھ حکومت سے ٹاسک فورس تیار کی ہے، یہ ایک جینئیج ہے جسے ٹھیک کرنا ہے، پاکستان نیوی نے چین کے ساتھ آکل ایگیس کے سروے کے لیے معاہدہ کیا تھا،

تین سروے ہوئے، پتہ چلا کہ مکران اور دیگر مقامات پر ذخائر پائے گئے ہیں، کل آخری دن تھا بولی کا، دنیا کے بڑے ممالک بولی دے رہے ہیں، پریس کانفرنس

کراچی (رپورٹ حمزہ منصور) وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان کی بلیو اکنامی کے لیے پائیمک ایکسپو اہمیت کی حامل ہوگی، پائیمک کانفرنس کے شعبہ اثرات نمایاں ہوں گے۔ ایکسپو سینٹر کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پائیمک کانفرنس کا دوسرا ایڈیشن تین سے چھ نومبر تک ہوگا، کانفرنس میں 44 ممالک پائیمک کانفرنس میں حصہ لیں گے۔ غیر ملکی مندوبین کی بڑی تعداد پائیمک کانفرنس میں شریک ہوگی۔ وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی کا کہنا ہے کہ اس میگا ایکسپو کے انعقاد کے تعاون پر سندھ حکومت سے بھی شکر گزار ہیں، اس کانفرنس میں متاعی سرمایہ کاروں کو بھی فوائد حاصل ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پائیمک میں انٹرنیشنل کانفرنس بھی ہوگی مختلف موضوعات پر پیپرز رکھے گے۔ سندری آلودگی ایک چیلنج ہے، وفاقی اور صوبائی حکومت کا کام کر رہی ہے، برٹس کیونڈی سندری تجارت کی طرف آ گئیں، سندر میں ہمیں کچھ نہیں کرنا اللہ پاک نے بہت کچھ عطا کیا ہے، سندری آلودگی پر بہت عرصہ ہم نے اس سے آنکھیں بند کر دی ہوئی ہیں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

شہریوں کے تحفظ کیلئے سرحد پار دہشت گردوں کیخلاف اقدامات کرتے رہیں گے، خواجہ آصف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) شہریوں کے تحفظ کیلئے سرحد پار دہشتگردوں کیخلاف اقدامات کرتے رہیں گے۔ خواجہ آصف نے افغانستان کو خبردار کر دیا۔ انہوں نے افغان طالبان کے ترجمان کے گمراہ کن

لبنان کو اپنے خلاف نیا محاذ نہیں بننے دینگے، نیتن یاہو کی نئی دھمکی

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیک) لبنان کو اپنے خلاف نیا محاذ نہیں بننے دینگے، نیتن یاہو کی چودہ اب ختم نہ ہوگی۔ حزب اللہ کے دوبارہ منظم ہونے کا دعویٰ کر ڈالا۔ انہوں نے کہا کہ حزب اللہ دوبارہ منظم اور بحالی کی کوشش کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم لبنان کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

پاکستان مخالف بھارتی میڈیا کا ایک اور جھوٹا پروپیگنڈا بے نقاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارتی میڈیا کی جانب سے پاکستان کے خلاف گمراہ کن پروپیگنڈا کی ایک اور مثال سامنے آ گئی۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے بھارتی چینل انڈیا ٹوڈے کے بے بنیاد دعوؤں کی حقیقت واضح کرتے ہوئے بتایا کہ اس خبر کا کوئی مصدقہ ذریعہ موجود (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

سندھ رینجرز کی بڑی کارروائی، لیاری گینگ وار کا انتہائی مطلوب ملزم گرفتار

کراچی (رپورٹ عامر صابر) پاکستان رینجرز (سندھ) نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے لیاری سے بھتہ خور گینگ (مسی اللہ الاکھوگروپ) کے انتہائی مطلوب ملزم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

سی ٹی ڈی کی کارروائیاں 18 دہشت گرد گرفتار، بارودی مواد برآمد

گرفتار ملزمان میں انتہائی خطرناک دہشت گرد تنظیم کا اہم رکن بھی شامل ہے جو پنجاب کے ایک شہر میں دہشت گردی کی پلاننگ مکمل کر چکا تھا،

دہشت گرد مختلف مقامات پر کارروائیاں کر کے عوام میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتے تھے، ترجمان سی ٹی ڈی

لاہور (بیورو رپورٹ) سی ٹی ڈی نے پنجاب کے مختلف شہروں میں ایک ماہ میں 386 انٹیلی جنس بیسڈ | آپریشنز کے دوران 18 دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی (باقی صفحہ نمبر 2 بقیہ 15)

سندھ حکومت نے نئی نمبر پلیٹ کی ڈیزائن میں توسیع کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے نئی ایک نمبر پلیٹ کیلئے پہر بنی و پہ واضح براق | پیٹرول پمپ چلنے موڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

امریکا کیلئے براہ راست پروازوں کی بحالی میں بڑی پیشرفت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان سے امریکا کیلئے براہ راست پروازوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

کراچی، ڈکیتی مزاحمت پر بھتیجا جاں بحق، چچا زخمی

واں سال ڈکیتی مزاحمت پر جاں بحق ہونے والے شہریوں کی تعداد 76 ہوگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ڈکیتی مزاحمت پر جاں بحق ہونے والے شہریوں کی تعداد 76 ہوگئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

آئی جی سندھ کے بغیر نمبر پلیٹ چلنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت ایکشن، ٹیک ڈاؤن کے احکامات

صوبے بھر میں روڈ پر بہت سی بغیر نمبر پلیٹ والی گاڑیاں چل رہی ہیں، ایسی گاڑیوں کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف موٹر وہیکل آرڈیننس اور متعلقہ رولز کے مطابق سخت ایکشن لیا جائے، آئی جی سندھ کی پولیس حکام کو ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی) سندھ غلام نبی میمن نے صوبے بھر میں بغیر نمبر پلیٹ چلنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کے احکامات جاری کیے ہیں۔ آئی جی سندھ کے ترجمان کے مطابق کراچی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

آئی جی سندھ کے ترجمان کے مطابق آئی جی سندھ کی ہدایت پر ایڈیشنل آئی جی کراچی، تمام رینج اور زونز کے ڈی آئی جیز، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی میں گیس سلنڈر کی دکان میں دھماکا، 7 افراد زخمی

واقعہ ابوالحسن اصفہانی روڈ پر قائم گیس سلنڈر کی دکان میں ہوا، زخمی سول اسپتال منتقل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے ابوالحسن اصفہانی روڈ کے قریب ایل پی جی گیس سلنڈر کی دکان میں دھماکا ہوا ہے۔ ایمرجنسی نیوز کے مطابق کراچی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

نوکری سے نکالنے پر ملازم نے بریانی سینٹر کے مالک پر فائرنگ کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شرافی گوٹھ میں نوکری سے نکالنے پر فائرنگ کر کے بریانی سینٹر کے مالک کو زخمی کردیا۔ ایس ایچ او شرافی گوٹھ نے بتایا کہ لانڈھی دلدار بھٹو لانڈھی کے قریب فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا، زخمی کی شناخت 31 سالہ یاسر ولد محمد محمد سے ہوئی ہے۔ ضلعی امداد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار حساس ادارے کا اہلکار جاں بحق

واقعے کے بعد ڈمپر کے ڈرائیور کو گرفتار کرلیا گیا ہے، ملیر پولیس

جاں بحق شخص ایف آئی اے کا اہلکار ہے، ریسکیو حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے ٹیر کینٹ کے قریب ڈمپر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

6 روز کے دوران ٹریفک قوانین کیخلاف ورزی پر 26 ہزار سے زائد ای چالان کٹ گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 6 روز میں 26 ہزار 155 زائد ای چالان کردیے گئے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق کراچی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

صحافیوں پر حملے سماج کے ضمیر پر وار ہیں، وزیراعلیٰ سندھ

آزادی صحافت کے بغیر کوئی معاشرہ مکمل نہیں ہوسکتا، صحافیوں پر حملوں میں ملوث عناصر کو ہرگز رعایت نہیں دی جائے گی،

نفرت انگیز مہمات اور آن لائن ہراسانی کو روکنے کے لیے مربوط حکمتِ عملی بنا رہے ہیں، سید مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ صحافیوں پر حملے سماج کے ضمیر پر وار ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے صحافیوں کے خلاف جرائم کی روک تھام کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ آزاد میڈیا کے لیے محفوظ ماحول پیدا کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کراچی سے رہائشی ٹیکسی ڈرائیور کی لاش اور گاڑی کوٹ ڈیجی سے برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے رہائشی ٹیکسی ڈرائیور کی لاش اور گاڑی خیرپور کے علاقے کوٹ ڈیجی سے برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق مقتول ڈرائیور کی گاڑی گھوٹکی کے قریب ایک گھر سے ملی، جسمی بک کر کے ڈرائیور کو قتل کیا گیا اور گاڑی چھین لی گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی، ٹرالر کی ٹکر سے بائیک سوار طالب علم ہلاک، دوسرا زخمی

دونوں طالب علم اسکول سے چھٹی کے بعد موٹر سائیکل پر گھر واپس جارہے تھے، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ماڑی پور میں ٹریفک حادثہ میں ایک طالب علم جاں بحق دوسرا زخمی ہوگیا۔ تھانہ ماڈل کالونی پورٹک اڈا ایک نمبر 6 کے قریب ٹرالر نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

کراچی میں اسپتال کے اخراجات ادا کرنے کیلئے نومولود کو فروخت کردیا گیا

ڈاکٹر زہرا اور شیخ بلوچ نامی خاتون نے نومولود کو پنجاب میں فروخت کردیا تھا،

پولیس نے نومولود کو بازیاب کر کے والدین کے حوالے کردیا ہے، ایس ایس پی ملیر

کراچی میں اسپتال کے اخراجات ادا کرنے کے لیے نوزائیدہ بچہ کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

ایک روز کے دوران صرف چمن بارڈر سے 10 ہزار افغان مہاجرین واپس اپنے وطن روانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغان مہاجرین کی بارٹ ڈس واپسی کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے، ایک روز میں صرف چمن بارڈر سے تقریباً 10 ہزار 7 سو افغان مہاجرین کو باعزت طریقہ سے افغانستان واپس روانہ کردیا گیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کراچی، ہٹی مزار کے قریب منی ٹرک نے موٹر سائیکل کو روند ڈالا

پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو سول اسپتال منتقل کیا اور ٹرک و ڈرائیور کو گرفتار کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تین ہٹی مزار کے قریب ٹریفک حادثے میں ہٹی مزار کے قریب موٹر سائیکل سوار دو افراد کو روند ڈالا اس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور دوسرا زخمی ہوگیا۔ پولیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان تیسوری سے بگلر مہ پلینیپوٹینشیری انچارج کا وفد ملاقات کررہا ہے

کراچی، مدینہ کالونی میں واقع گھر سے گلا کٹی لاش برآمد

پولیس کی کوشش ہے کہ قتل میں ملوث عناصر کو جلد گرفتار کیا جائے، ایس ایچ او افتخار تنولی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے مدینہ کالونی میں واقع گھر سے ایک شخص کی گلا کٹی لاش ملی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کا کہنا ہے کہ مذکورہ شخص کو کند آلہ کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

گھر میں باورچی خانے کے باہر نصب بجلی کے بورڈ سے آگ بھڑکی، علاقہ مکین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اورنگی ٹاؤن شاہد لیل چوک کے قریب گھر میں آتشزدگی کے دوران مال بیٹی جھلس صبح پاکستان بازار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

کرجاں بچ ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق اقواری

اسکواش چیمپئن شپ 2025 ناصر اقبال اور مانور علی فاتح قرار

اختتامی تقریب میں سول و عسکری معززین، اسپانسرز، قومی کھیلوں کی نمایاں شخصیات، سینئر اسکواش کھلاڑیوں اور کھیلوں سے وابستہ افراد نے شرکت کی

کراچی (رپورٹ سید محمد عروج) تیسری چیف آف دی نیول اسٹاف اسکواش چیمپئن شپ 2025 کا فائنل بیچ اور تقسیم انعامات کی تقریب پاکستان نیوی ریٹائرڈ ایڈمرل نوید اشرف اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ ٹورنامنٹ کا آخری میچ مردوں کی کیٹگری میں واپڈا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

منعقد ہوئی۔ چیف آف دی نیول اسٹاف رشن خان جہانگیر خان اسکواش کمپلیکس کراچی میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی بانیان پاکستان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

پیپلز پارٹی نے کراچی کو مفتوحہ علاقہ، عوام کو غلام سمجھ لیا ہے، آفاق احمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آفاق احمد نے ضلع وسطی کے دفتر میں تحریک میں شامل ہونے والے

کراچی: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نارتھ ناظم آباد میں ترقیاتی منصوبوں کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ضیاء الحسن لنجار بھاری اکثریت سے ممبر سندھ بار کونسل منتخب

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) سندھ کے وزیر قانون، داخلہ و پارلیمانی امور ضیاء الحسن لنجار لاء ڈیوکیٹ نواب شاہ سے ممبر سندھ بار کونسل منتخب ہوگئے۔ ضیاء الحسن لنجار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: میئر کراچی کی ہدایت پر اورنگی ٹاؤن میں اسپتال کی عمارت کو سیل کیا جارہا ہے

یہ کیا ڈرامہ ہے سڑکیں ٹھیک نہیں اور منگلے ای چالان کیے جارہے ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

سیوریج کا کام کر کے سڑکیں بنائی پڑتی ہیں اور سیوریج کا نظام کو خود دیکھنا پڑ رہا ہے، 15 سالوں میں پیپلز پارٹی نے کراچی کے لیے کچھ نہیں کیا، صرف قبضے کی سیاست جاری ہے، گاؤں اور دیہات پر قبضے کے بعد شہروں پر قبضہ کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ یہ کیا ڈرامہ ہے سڑکیں ٹھیک نہیں اور منگلے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کراچی بلدیہ عظمیٰ کراچی کی اورنگی ٹاؤن میں بڑی کارروائی، پانچ ایکڑ قیمتی زمین واگزار

شہر کی ایک ایک انچ زمین عوام کی امانت ہے، اس کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے، افسران اور عملے کی محنت سے مزید قیمتی زمینیں بھی واپس لی جائیں گی، جو عوامی مفاد کے منصوبوں کے لیے استعمال ہوں گی، مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے اورنگی ٹاؤن میں ایسٹینڈ پلاٹ کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

پاکستان کو تصادم نہیں، مفاہمت کی سیاست کی ضرورت ہے، محمود مولوی

اگر آپ واقعی پاکستان کے خیرخواہ ہیں، تو مفاہمت کے راستے پر آئیں، مکالمے میں شامل ہوں اور ایک پرامن اور مستحکم سیاسی ماحول کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں، سینئر سیاستدان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق رکن قومی اسمبلی اور سینئر سیاستدان محمود مولوی نے کہا ہے کہ پاکستان کو ایک پرامن اور مستحکم سیاسی ماحول کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں، سینئر سیاستدان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

بھارتی ویاگرا گولیوں کی بڑی کھیپ کراچی اسمگل کرنیکی کوشش ناکام

اسمگل شدہ چاندی، ویاگرا ٹیبلیٹس اور مسافر بس کی مجموعی مالیت 3 کروڑ 15 لاکھ ہے، مقدمہ درج کر کے بس سمیت برآمد ہونے والی اشیا کو ضبط کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ کراچی نے موچکو چیک پوسٹ پر ایک کارروائی میں بلوچستان سے کراچی آنے والی مسافر بس کے ذریعے اسمگل شدہ اشیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

ڈی آئی جی سی ٹی ڈی سے نیشنل پولیس اکیڈمی کے زیر تربیت ڈی ایس پیز کی ملاقات

وزیراعلیٰ کی خصوصی سرپرستی کے باعث محکمے کو جدید انفراسٹرکچر، ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور ٹرانسپورٹ فراہم کی گئی، جس سے کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے، وقاص الحسن

لاہور (بیورو رپورٹر) ڈی آئی جی کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) وقاص الحسن نے پولیس اکیڈمی کے زیر تربیت ڈی ایس پیز سے ملاقات کی، جس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

حافظ صاحب کو میئر کراچی سے چڑ ہوگئی ہے، ترجمان سندھ حکومت

جماعت اسلامی کی منافقت پرمبنی سیاست کا اصل چہرہ اب سب کے سامنے آچکا ہے، اگے، سعدیہ جاوید

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے امیر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

پاکستان اور جرمنی جمہوریت، برداشت اور پارلیمانی طرز حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں، مریم نواز

پنجاب نصاب کی جدت، ڈیجیٹل لرننگ اور عالمی تحقیقی روابط کے فروغ پر کام کررہا ہے، 10 ہزار سے زائد پاکستانی طلبہ جرمن جامعات میں زیر تعلیم ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ پاکستان اور جرمنی جمہوریت، برداشت اور پارلیمانی طرز حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں۔ پارلیمانی تعاون عوامی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

میٹھا خواب کڑوی حقیقت، چینی کی قیمت بے قابو، نرخ 220 روپے فی کلو ہوگئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر میں چینی کی قیمتوں نے عوام کو ایک اور جھٹکا دے دیا، کئی شہروں میں فی کلو چینی 220 روپے تک جا پہنچی ہے۔ سرگودھا، کراچی، راولپنڈی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں ایک کروڑ 12 لاکھ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

نارتھ ناظم آباد کراچی میں واقع یونیورسٹی کے قریب ملزم سے 36 کلو چرس برآمد کی گئی، گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف بھی کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک میں انسداد اسمگلنگ کارروائیوں کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی بٹریفک کیمروں کی نگرانی کے دوران وائرل تصویروں پر ڈی آئی جی ٹریفک کا بیان آگیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس (ڈی آئی جی) ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے کہا ہے کہ ٹریفک کنٹرول کیمروں کی نگرانی کے دوران لوگوں کی نجی سرگرمیوں سے متعلق وائرل ہونے والی تصویروں پر کارروائی جاری ہے۔ پیر محمد شاہ نے کہا کہ تکنیکی طور پر یہ تک تحقیقاتی رپورٹ سامنے آجائے گی کہ یہ تصاویر واقعی ٹریفک کنٹرول کیمروں کی ہیں یا پرائیویٹ کیمروں سے لی گئی ہیں۔

محسن نقوی کی جنوبی افریقا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز جیتنے پر پیم کو مبارکباد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے جنوبی افریقا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز جیتنے پر پاکستانی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ کھلاڑیوں نے آخری وقت تک میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر کے فتح حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم کی بیٹنگ اور شاہین شاہ آفریدی کی بالنگ نے جیت میں اہم کردار ادا کیا۔

کراچی، خوفناک آتشزدگی سے 200 جھگیاں، متعدد مویشی اور موٹر سائیکلز راکھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلستان جوہر میں جگیوں میں خوفناک آتشزدگی سے 200 سے زائد جگیوں اور متعدد موٹر سائیکلز کو جلا کر راکھ کردیا۔ نیوز کے مطابق رات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

اے ایس ایف کی پشاور، ملتان میں کامیاب کارروائی، مسافروں سے 1.5 کلو نشیات برآمد

اے ایس ایف قومی مفاد، بین الاقوامی ساکھ اور مسافروں کے اعتماد کے تحفظ کے لیے کسی بھی ممکنہ خطرے اور غیر قانونی سرگرمی کے خلاف فیصلہ کن اقدام سے دریغ نہیں کرے گی

لاہور (بیورو رپورٹ) ایئر پورٹس سیکیورٹی فورس نے پشاور اور ملتان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

کراچی: واپڈا کے اسرار قبال اور چند دی ماہ نور علی تیسری چیف آف دی نیول اسٹاف آل پاکستان اسکواش چیمپئن شپ 2025 کے فائنل میں آمنے سامنے ہیں

کراچی: پاکستان رینجرز سندھ کی کارروائی میں گرفتار بھتہ خور گینگ (مسی اللہ الاکھوگروپ) کے انتہائی مطلوب ملزم محمد اسماعیل عرف ٹماسماعیل

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپورٹ بلڈنگ III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

SBCA عوامی خدمت کے جذبے کے تحت کام کر رہی ہے

مزمل حسین ہالیپوٹو

ون ونڈو سسٹم کے ذریعے عوامی شکایات کے فوری ازالے، کاغذی کارروائی میں کمی اور تعمیراتی عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا، ڈائریکٹر جنرل ایس بی اے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ریجنٹس پارٹی، شاہ ذوہن کے مطابق حیدرآباد ریجن میں ون ونڈو سسٹم کے ذریعے عوامی شکایات کے فوری ازالے، کاغذی کارروائی میں کمی اور تعمیراتی عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا، ڈائریکٹر جنرل ایس بی اے نے سینٹر کے افتتاح کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے حیدرآباد ریجنل آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ریجنل ڈائریکٹر، افسران اور متعلقہ شعبوں کے نمائندگان نے ڈی جی ایس بی اے کو جاری انتظامات اور سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ مزمل حسین ہالیپوٹو نے ہدایت دی کہ ون ونڈو ایپلیکیشن سینٹر کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اور عوامی سہولت کے تحت مطابق جدید کیا جائے تاکہ تعمیراتی اجازت ناموں اور دیگر امور میں شہریوں کو ایک ہی چھت کے نیچے آسان، شفاف اور تیز تر خدمات فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس بی اے عوامی خدمت کے جذبے کے تحت کام کر رہی ہے، اور ون ونڈو سسٹم کے ذریعے عوامی شکایات کے فوری ازالے، کاغذی کارروائی میں کمی اور تعمیراتی عمل میں شفافیت یقینی بنایا جائے گا۔ ڈی جی ایس بی اے نے مزید ہدایت دی کہ افتتاح سے قبل تمام سہولیات، کمپیوٹرائزڈ نظام اور عملے کی تربیت کے انتظامات مکمل کیے جائیں تاکہ سینٹر کے فعال ہوتے ہی شہریوں کو معیاری خدمات فراہم کی جاسکیں۔



حکومت سندھ اور صوبائی وزیر بلدیات ناصر حسین ون ونڈو سسٹم سینٹر کا قیام ایک اہم سنگ میل قرار دیا گیا ہے۔ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی اے) کے ڈائریکٹر جنرل مزمل حسین ہالیپوٹو

رینجرز کی خفیہ اطلاع پر کارروائی، لیاری گینگ وار شکیل بادشاہ گروپ کا بھتہ خور گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) پاکستان رینجرز سندھ نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے لیاری کے علاقے شکیل بادشاہ گروپ سے تعلق رکھنے والے ملزم قاسم ولد جاوید کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سندھ رینجرز کے مطابق ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ ملزم لیاری گینگ وار کے لیے بھتہ وصولی پر ملوث رہا ہے۔ گرفتار ملزم ایک عادی مجرم ہے جو اس سے قبل بھی سی ٹی ڈی کے ہاتھوں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے۔ رینجرز نے ملزم کو مزید تفتیش کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا ہے۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کی اطلاع فوری طور پر قریبی رینجرز چیک پوسٹ، ہیلپ لائن 1101 یا واٹس ایپ نمبر 0347-9001111 پر کال یا ایس ایم ایس کے ذریعے دیں۔ ترجمان نے یقین دلایا کہ اطلاع دینے والے کا نام مکمل طور پر صیغہ راز پر رکھا جائے گا۔

تجاوزات مافیا کیخلاف بھرپور کارروائیاں، متعدد دکانیں اور ریسٹورنٹس سیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی ہدایت پر شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ انسداد تجاوزات کارروائیاں اسسٹنٹ کمشنر، پولیس، سرکلوں کو تجاوزات سے مکمل طور پر کلیئر کرایا گیا، جبکہ سرکلوں پر کرسیاں اور 5 رسٹورنٹس کو سیل کر دیا گیا۔ کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے کہا کہ کلفٹن اقبال کا نام ہی کلفٹن ہے مگر اس کی خوب صورتی تجاوزات نے متاثر کر رکھی تھی، جسے اب بحال کیا جا رہا ہے۔ سب ڈویژن کورنگی میں بھی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، جہاں اہم سڑکوں پر غیر قانونی بیٹھکے اتھارٹیز ختم کر دیے گئے اور 5 دکانیں سیل کی گئیں۔ مختلف علاقوں جن میں بوہری مسجد، سٹیلائٹ اسٹریٹ، فوڈ اسٹریٹ، اکیمرلیس مارکیٹ اور دیگر بازار شامل ہیں میں بھی بڑے پیمانے پر آپریشنز کیے گئے۔ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریٹر 30 اسٹاٹر ضبط کیے گئے، جبکہ پرانے ٹائکہ اسٹینڈ پر 12 عارضی دکانیں اور شیڈز مسمار کر دیے گئے۔ کلفٹن بائیکر مال کے سامنے بھی انسداد تجاوزات کی کارروائی کی گئی۔ کمشنر کراچی نے واضح کیا کہ شہر میں یہ آپریشن بلاتفریق جاری رہے گا جب تک کراچی تجاوزات سے مکمل طور پر پاک نہیں ہو جاتا۔

شارع فیصل بلوچ پل پر کاروں کی ریس خوفناک حادثے کا سبب، موٹر سائیکل سوار اور کار سوار زخمی

کراچی (کرائم رپورٹر) شارع فیصل پر بلوچ پل پر کاروں کی ریس خوفناک حادثے کا سبب بن گئی۔ ذرائع کے مطابق دو کاریں تیز رفتاری کے ساتھ ریس لگا رہی تھیں کہ اچانک ایک کار بے قابو ہو کر موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی۔ ٹکر کے نتیجے میں کار الٹ گئی جبکہ موٹر سائیکل سوار اور کار سوار دونوں زخمی ہوگئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو فوری طور پر جناح اسپتال منتقل کیا۔ حادثے کے بعد جائے وقوعہ پر تھیٹر کے گولے، آئسل اور دیگر ملبہ بکھرا ہوا تھا۔ پولیس نے کار کو تحویل میں لے کر تھانے منتقل کر دیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق ڈی ٹی ڈی فوج حادثے کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کی جا رہی ہے جبکہ حادثے کے اسباب جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

پیش آیا۔ عینی شاہدین کے مطابق دو کاریں تیز رفتاری کے ساتھ ریس دوسرے کے ساتھ دوڑ رہی تھیں کہ اچانک ایک کار بے قابو ہو کر موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی جبکہ موٹر سائیکل سوار اور کار سوار دونوں زخمی ہوگئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو فوری طور پر جناح اسپتال منتقل کیا۔ حادثے کے بعد جائے وقوعہ پر تھیٹر کے گولے، آئسل اور دیگر ملبہ بکھرا ہوا تھا۔ پولیس نے کار کو تحویل میں لے کر تھانے منتقل کر دیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق ڈی ٹی ڈی فوج حادثے کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کی جا رہی ہے جبکہ حادثے کے اسباب جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

میری ٹائم ایکسپو کے دوران ٹریفک پلان جاری شہریوں کے لیے اہم ہدایات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں بین الاقوامی نمائش پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو ایڈیشن 2025-PIMEC کا موسم 3 تا 6 نومبر 2025 کو ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی، جس کے پیش نظر ٹریفک پولیس نے شہریوں کی سہولت کے لیے متبادل راستوں اور ٹریفک پلان کا اعلان کر دیا ہے۔ ترجمان کراچی ٹریفک پولیس کے مطابق نمائش کے دوران شہریوں کو زحمت اور پریشانی سے بچانے کے لیے ہیوی کمرشل ٹریفک کے لیے مختلف متبادل پارکنگ مقامات پر شٹل سروس چلائی جائیں گی۔ کورسازی کے مقام پر شارع فیصل نرسری سے آنے والی ہیوی ٹریفک کو اسٹیڈیم براستہ حبیب ابراہیم رحمت اللہ روڈ جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ڈرگ روڈ سے راشد منہاس روڈ، سلیم الدین اور نیپا کا راستہ اختیار کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح ایئرپورٹ سے آنے والے ڈرگ روڈ سے دائیں جانب راشد منہاس روڈ، سلیم الدین اور نیپا کی سمت جاسکتے ہیں۔ سلیم الدین کے قریب راشد منہاس روڈ سے اسٹیڈیم براستہ ڈالمیا روڈ جانے والی ہیوی ٹریفک پر بھی پابندی ہوگی۔ نیپا اسکری IV، ڈرگ روڈ سے شارع فیصل یا شارع پاکستان کراچی کا راستہ اختیار کرسکتی ہیں۔ کرم آباد اور سراب گوٹھ کے راستے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ سرشاہ سلیمان روڈ پر بھی حسن اسکوائر سے سٹیڈیم اسٹیڈیم تک ہیوی ٹریفک کے داخلے پر پابندی ہوگی، تاہم کھوکھراپار اور گلشن کالونی سے لے روٹ کھلا رہے گا۔ ٹریفک پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں، اپنی گاڑیاں مین یا سروس روڈ پر پارک نہ کریں اور ٹریفک پولیس کی ہدایات پر عمل کریں تاکہ کسی بھی زحمت سے بچا جا سکے۔ رحمانی کے لیے شہری ٹریفک پولیس ہیلپ لائن 1915 پر رابطہ رکھتے ہیں۔

شاہ لطیف پولیس کی کارروائی، خواتین کو فحاشی پر مجبور کرنے والا گروہ گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع ملیر کی شاہ لطیف پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے خواتین کو لالچ اور دھوکے سے فحاشی پر مجبور کرنے والے گروہ کو بے نقاب کر دیا۔ پولیس نے کارروائی کے دوران گروہ کی سرغنہ سمیت پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا، جبکہ ایک خاتون کو محفوظ تحویل میں لے لیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم عروج اس گروہ کی سرغنہ ہے، جو مختلف علاقوں میں فحاشی کے دھندے میں سرگرم تھی۔ گروہ غریب اور مجبور خواتین کو مالی امداد اور روزگار کا جھانسہ دے کر ایک چال میں پھنسا لیتا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق آٹھ سال قبل نواب شاہ ہی رہائشی ایک ذہنی طور پر کمزور خاتون لاپتہ ہوگئی تھی، جسے اسی گروہ نے اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کیا۔ نارکوٹک کارروائی کے دوران خاتون کو بازیاب کرا کر تحفظ حفاظتی تحویل میں لے لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت عروج، عبدالستار، عرفان، کنیز اور مکان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے اور مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

نیو کراچی میں پولیس مقابلہ، شہری کو زخمی کرنے والا ڈکیت گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) نیو کراچی انڈسٹریل ایریا میں پولیس اور اسٹریٹ کرمنلز کے درمیان مقابلے کے دوران ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا، جبکہ اس کا ایک ساتھی موٹر سائیکل پر فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق مقابلہ صدیق آباد قبرستان B-6 کے قریب ہوا۔ گرفتار ملزم کی شناخت موسیٰ ولد عابی مرزا کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ فرار ہونے والے ملزم کی تلاش جاری ہے۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے 30 بور کا پستول، لوڈ میگزین اور گولیاں برآمد کرلی گئیں۔ ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا کہ ملزم نے چند گھنٹے قبل سیاسنگھا کے قریب دوران ڈکیتی مزاحمت پر شہری راشد ولد رحیم کو فائرنگ کر کے زخمی کیا تھا۔ زخمی ملزم کو علاج کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ پولیس فرار ساتھی کی گرفتاری اور ملزمان کے ریکارڈ کی جانچ میں مصروف ہے۔ ترجمان ایس ایس پی ضلع سینٹرل ذیشان شفیق صدیقی کے مطابق ملزمان کے خلاف ضابطے کی کارروائی جاری ہے۔

محکمہ ایکسائز نارکوٹکس کنٹرول ونگ ویسٹ کی بڑی کارروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) محکمہ ایکسائز نارکوٹکس کنٹرول ونگ ڈسٹرکٹ ویسٹ نے جب ریور پیک پوسٹ پر کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش ناصر احمد ولد نبی بخش کو گرفتار کر لیا۔ انچارج نارکوٹکس ویسٹ فیاض شاہ کے مطابق ملزم کے قبضے سے 13 کلو 800 گرام افیم کوائی کی چرس برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزم طویل عرصے سے بلوچستان سے کراچی کے پوش علاقوں میں منشیات پہنچانی کر رہا تھا۔ برآمد شدہ منشیات کی بین الاقوامی مارکیٹ میں مالیت تقریباً 90 لاکھ روپے بتائی جاتی ہے۔ ملزم کے رکھنے کے ذریعے انتہائی شاطرانہ طریقے سے منشیات چھپائی جاتی تھی۔ محکمہ ایکسائز نے ملزم کے خلاف سندھ انسداد منشیات ایکٹ 2025 کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ انچارج فیاض شاہ نے کہا کہ شہر قائد کو منشیات سے پاک کرنا ہمارا مشن ہے، منشیات کے خاتمے تک بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

آل کراچی ریٹلرز ایسوسی ایشن کی جانب سے سندھ بار کونسل کے نومنتخب اراکین کو مبارکباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل کراچی ریٹلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین راشل ہارون اور ان کی کابینہ نے سندھ بار کونسل کے انتخابات 2025-2030 میں کامیاب ہونے والے تمام امیدوار کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ عام نوٹ وڈائج کی کامیابی قانون باہ ازادی، وکلا کے حقوق کے تحفظ اور عدلیہ کی مضبوطی کے لیے ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ راشل ہارون نے اس امید کا اظہار کیا کہ عام نوٹ وڈائج کی کامیابی قانون باہ ازادی، وکلا کے حقوق کے تحفظ اور عدلیہ کی مضبوطی کے لیے ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام نوٹ وڈائج کی کامیابی سندھ بار کونسل کے تمام اراکین کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ منتخب اراکین انصاف کی فراہمی اور عوامی فلاح کے لیے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں جمہوری روایات کو برقرار رکھتے ہوئے پرامن انداز میں پوری دیانت داری سے پوری کریں گے۔

کراچی، مجبوری نے عورت کو مرد بنا دیا، مگر غیرت نے بھیک مانگنے نہیں دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرجانی ٹاؤن کی رہائشی رانی بی اپنے معذور بھائی اور بیوہ بہن کے پیٹ کی کفالت کے لیے مردوں کی طرح سائیکل رکشہ چلاتی ہیں۔ پل کو آم کو مردانہ لباس پہنے والی یہ باہمت خاتون روزانہ حلال کے لیے دن رات محنت کر رہی ہیں۔ تعمیرات کے مطابق کراچی کی ایک خاتون نے خاندان کی کفالت کے لیے مردانہ حلیہ اختیار کر لیا۔ اس حوالے سے لیاقت آباد ٹمبر مارکیٹ پر سائیکل لوڈنگ رکشہ چلانے والی خاتون رانی بی نے اپنی فرضی نام (نے بتایا کہ وہ خدا کی بستی سرجانی ٹاؤن میں رانی تھی ہیں۔ ان کے گھر میں معذور بھائی ہے۔ بیوہ بہن اس کے بچے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کرائے کے مکان میں رانی ہیں۔ روزانہ اپنے معذور بھائی کے ساتھ سائیکل رکشہ چلا کر دو گھنٹے میں سرجانی سے لیاقت آباد ٹمبر مارکیٹ تک جاتی ہیں۔ اس میں وہ دو اس کے ساتھ ہوتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کا کرایہ 10 ہزار روپے سے زائد ہوتا ہے۔ اس میں سے ہمارا گزارا ہوتا ہے۔ اس میں سے ہمارا گزارا ہوتا ہے۔ اس میں سے ہمارا گزارا

بقیہ روزنامہ تشکر 1

والے اسمگلنگ کو خرابی اسٹیل ملز قرار دیتا ہوں۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ حکومت آزادی صحافت کے تحفظ اور صحافیوں کو تحفظ حاصل فراہمی کے لئے اپنے وعدے پورے کرے اور قانون سازی اور آئینی ترامیم کے ذریعے بھی پاکستان کی خدمت ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

سلیم ملیں ایسٹ ایچ او قاسم الدین سمیت سب انسپکٹر محمد ایاز اور سب انسپکٹر ابوذر الاکبر کا عابد بھٹی زخمی ہوا۔ یاد رہے کہ چند روز قبل بھی بنگلہ سید زمیر حسین پیپلز ایکاڈمی سے شہید ہوئے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

زرعی نتیجے میں ترقی اور جدت کیلئے کوشاں ہے۔ وفاق ورثے کے تحفظ کیلئے تعاون کا خواہشمند ہے اور ثقافتی ورثے کی بحالی کیلئے کوشاں ہے۔ مشترکہ مفادات کونسل کی بھی تجاویز دیں۔ کیونکہ کاشت سے زرعی پیداوار میں جدت، کسانوں کی آمدنی میں اضافہ اور دیہی علاقوں میں سڑکوں کی بحالی، کیونکہ یہ سڑک زرعی اور ثقافتی تحفظ میں شراکت داری سے پاکستان کی برآمدات کو عالمی سطح پر فروغ ملے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

آلات کا شاندار مظاہرہ پیش کیا۔ طالبہ حرمہ کیا کہ پاک فوج ملک کے ہر شہری کا بیداری سے دفاع کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، کہ کوئی پاکستان کے خلاف آنکھ اٹھائے گا تو وہ اسے منہ توڑ کر جواب دے گی، اس کا اصل امتیاز اس کا اعلیٰ اور غیر معمولی پیشہ ورانہ معیار ہے۔ وہ نے مزید کہا کہ اسانہ کا کہنا تھا کہ پاکستان آرمی کے جوان بہ اوقات ہر وقت ہر جگہ ہر موسم میں ہر مصروف میں ہر مشکل میں ہر جگہ ہر وقت ہر جگہ ہر وقت ہر جگہ ہر وقت